م۔ اونگتا جا کو سوتے کی خبر لا یا	کاہل اور کام چور انسان ہمیشہ بری خبریں لاتا ہے
م ایرے میں آکو جھنگا شہید ہوا	مان رکھنے کے لئے بڑے لوگوں کی برابری کر کے نقصان اٹھانا
م ایلك گاڑی کے دو بیلاں	دو ہم دہ لوگ انسان جن میں یکسانیت پائی جاتی ہے
ق ایکس کا مایا لینا ولے اپنا مایا کسے نہ دینا	ہر ایک کا بھید جان لینا اور اپنا راز کسی کو نہ بتانا
م۔ ایك بڈی سو کتے	ایک چیز کے کئی دعوے دار چاہے وہ چیز کتنی ہی بے حقیقت کیوں نہ ہو
م ایکل خورا سب میں کورا	اکیلا کھانے والا شخص سب سے الگ تھلگ رہتا ہے اور اپنے مطلب کا بندہ ہوتا ہے

م۔ ایک غریب کو مارنے سے نو من چربی نکلی	جو بظاہر غریب ہوتے ہیں حقیقت میں ایسے نہیں ہوتے کیونکہ بہت سے لوگ مال چھپا کر رکھنے کے عادی ہوتے ہیں
م۔ ایک انڈا وہ بھی گندہ	اس وقت کہتے ہیں جب کسی کی ایک ہی اولاد ہو، اور وہ بھی ناخلف
م۔ ایک کو ملیدہ ایک کو بھوسہ	کنبے کے افراد میں ایک ساتھ اچھا برتاؤ کرنا اور دوسرے کے ساتھ برا برتاؤ کرنا یعنے رشتہ داروں میں امتیاز کرنا۔
م۔ ایک خطا دو خطا تیسری خطا مادر بخطا	ایک بار دوبار انسان کی غلطیاں معاف ہو سکتی ہیں۔ مگر وہ برابر غلطیاں کئے جائے تو ڈانٹنا ہی پڑتا ہے
م۔ ایک کو ایک ملائے تو گیارہ	جس طرح ایک کے بازو اور ایک لگانے سے گیارہ بن جاتے ہیں اسی طرح دو آدمی مل کر ایک طاقت بن جاتے ہیں۔
م۔ ایک کے سر پو دوسرے کا ہاتھ۔ سب کے سر پو حجام کا ہاتھ	یہاں دنیا میں ایک سے بڑھ کر ایک ہوتا ہے کسی کو کم نہیں سمجھنا چاہئے
ع۔ ایک کو دس جوڑنا	اگر حقیقت ایک ہے تو اپنی طرف سے دس جھوٹ شامل کرنا۔
م۔ ایک لینڈی کے تین ٹکڑے	تین لوگوں کی برادری
ع۔ ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی	سگی بہنوں کا موازنہ۔ چاہے ڈیل ڈول اور رنگ میں فرق کیوں نہ ہو
م۔ ایک کو چھپانہ دوسرے کو	دو آدمیوں میں حد سے زیادہ مشابہت ظاہر

نکالنا	کرنا
م۔ ایو بولے تو بارہ برس کا پانپ	کسی پر بے جا رحم کرنے سے سراسر نقصان اٹھانا پڑتا ہے
ع۔ بارا باٹ ہونا	تتر بتر ہونا۔ اکارت جانا۔ بارہ رستے ہونا
ق۔ بارے سوں لھوا پگلتا نئیں پانی سوں پتھر گلتا نئیں	یعنی ہوا سے لوہا اور پانی سے پتھر پگھل نہیں سکتا۔ انسان کی مستقل مزاجی کی طرف اشارہ
م۔ باسی پھول میں باس نئیں پردیسی کی آس نئیں	جیسے باسی پھول خوشبو کھو دیتے ہیں اسی طرح پردیسی کی اس کی آمد تک کوئی امید نہیں
م۔ باغ میں بارہ بزار میں اٹھارہ	ترکاری اور پھل اگر باغ میں بارہ کے حساب سے بکتے ہیں تو بازار میں اٹھارہ بکتے ہیں یعنی بیوپار کی نوعیت
ع۔ بالے بال دُود پھٹنا	کسی کے روئیں روئیں پر عذاب نازل ہونا۔ بد دعا۔ کوسنا
ع۔ بالو میں مُوتنا	جس طرح ریت میں پیشاب کرنے سے جذب ہو جاتا ہے اور نشان تک باقی نہیں رہتا یعنی احسان فراموش پر احسان کرنا
ق۔ باندھی منتھی کا بڑا بھرم	خاموشی سے انسان کا بھرم قائم رہتا ہے یعنی بند مٹھی میں کیا چھپا ہوا ہے کسی کو پتہ نہیں چلتا
م۔ بَدَخ تیرتی ہے	پانی چاہے گہرا ہو یا اتھلا بطخ ضرور تیرتی ہے۔ حالات سے موافقت اور مطابقت کرنے والا انسان
ق۔ بَچن کی بیل فلک کا	افواہ تیزی سے پھیلتی ہے۔ باتوں کی بیل آسمان

منڈوا چڑی	تک جا پہنچی
م۔ بڈھے جھاز کو پھل نہ آوے	بوڑھا ہو جانے پر انسان کسی کام کا نہیں رہتا
	یعنی درخت پرانا ہو جانے پر اس میں پھل
	پھول نہیں آتے
ق ۔ برے سوں بھلائی کرنا	برے لوگوں پر مہربانی کرنا: دشمن سے بھلائی
دشمن سوں سگائی کرنا	کے مصداق ہے
م۔ بُرا ہے عورت اور سینے کا	دل کی بیماری اور عورت کی محبت خطرناک
درد	ہے
ق۔ برقے سوں جیولا یا	برقعہ دیکھ کر حسن سے مسحور ہو گیا۔ نہ دیکھا
گھنگھٹ میں دغا کھایا	کہ اس گھونگھٹ کے پیچھے کیسی شکل ہے یعنی
	جسم سے پیار کیا اور روح کو نہ دیکھا
م۔ بڑی فجر چولے پو نظر	پیٹو انسان کی نگاہ ہمیشہ کھانے پینے پر رہتی ہے
م۔ بڑبڑا گھر گنوایا،	خاموش انسان بڑا چالباز ہوتا ہے اور بڑبڑا
گھونا گھر کمایا	نقصان اٹھاتا ہے
ق بڑی عقل میں نئیں ملے تو	احمق عقلمندوں کی ہمسری کا دعویٰ کرے تو
یوں خان جی جیوں شراب	ایسا ہے جیسا کہ شراب کے سامنے تاڑی اور
میں تاڑی جیوں دودھ میں	دودھ کے سامنے چھاچھ ہو
کانجی	
ع۔ بلالی آشا کری تماشا	پرفتن عورت کی عشوہ طرازیاں
م ۔ بلّی کو تھنڈ تپ آنا	یعنی مینڈکی کو زکام ہونا
م۔ بندر کیا جانے ادرک کا	فارسی کے مقولہ "چہ داند بوزنہ لذت
سواد	ادرک" کا ترجمہ
م۔ بوڑی کا منہ موچے جاے	ایک کنواں بھی پاٹ سکتے ہیں مگر آدمیوں کی

ادمی کا نئیں	زبان بند نہیں کر سکتے
م۔ بھروسے کی بھینس بچھڑا جنی	جس پر بھروسا تھا اس نے بچھیا کی بجائے بچھڑا جنا، یعنی جس پر بھروسہ تھا اسی نے دھوکا دیا
ق۔ بھروسے کی بھینس کٹڑا جنی	
ق ۔ بیگی گھر لیگی	جو کام جلدبازی میں کیا جائے گا اس کا نتیجہ اچھا نہیں ہوگا
م۔ بیسی کی بنڈی گھوڑپو پھتی	شراکت کی ہانڈی گھورے پر ٹوٹی یعنی ساجھے کی ہنڈیا چوراہے پر ٹوٹتی ہے
م۔ بیل کا مُوت	زمین پر بیل کا موت ٹیڑھی لکیر سے نظر آتا ہے اسی طرح غیر مستقل مزاج آدمی کا مزاج ہوتا ہے
م۔ بیل کے آگے خطبہ پڑنا	مجہول انسان کے سامنے نصیحت کرنا
ق۔ پانی نوا نیچہ میں پڑتا	گڑھے میں ہی پانی جمع ہوتا ہے یعنی مالداروں کے پاس ہی دولت جمع ہوتی ہے
ع۔ پاواں میں کیڑے پڑو	کسی کی برائی کرنا۔
ع۔ پانچ بالاں کو پچیس کنگباں	سر پر گنے چنے بال ہیں اور انہیں سنوارنے کے لئے اتنا اہتمام۔ بے فائدہ کام کرنا
ق۔ پرت کا تھنڈ بور بارا لگنا	عشق کا روگ پالنا
ع۔ پڑ پڑ کو پھتر لکھ لکھ کو لکھوے	جاہلوں کا تعلیم یافتہ لوگوں پر طنز کرنا کہ پڑھ پڑھ کر پتھر اور لکھ لکھ کر لکھوا (وہ کنگھی جس سے بالوں میں لکھیں نکالی جاتی ہیں) بن جائے گا

م- بڑے گھر کو کھڑا کرنا	مصیبت میں کام آنا۔ گرے پڑے لوگوں کو اٹھانا
م- بڑے بڑے انداز بڑھائے	نکمے اور بے فکرے لوگ ہمیشہ دوسروں کو ٹھگنے کی فکر میں رہتے ہیں
ق- پُن پانپ معلوم اچھنا	گناہ ثواب سے واقف ہونا
م- پہاڑ کو پھترے ڈھونا	کوئی ایسا کام کرنا جس سے کوئی فائدہ نہ ہو
ق پھگت بے گندا دے پھُکت بور پاس	مفت کا مال بے تحاشا خرچ کرنا
م- پھلیچ بوں چڑاے تو پھر کیوں	پہلے ہی صورت اتنی بری ہے منہ چڑانے سے کیسی ہوگی۔ کسی کی بدصورتی پر طنز
م- پہلے گھر میں چراغ پھر مسجد میں	سب سے پہلے اپنے گھر کی دیکھ بھال پھر دوسری جگہوں کی
م- پھٹنے والے کے پھٹتیں دھوبی بیتا چاند	دھوبی کو یہ غرض نہیں کہ کس کے کپڑے ہیں اور کیسے ہیں اسے تو بس کپڑے دھونے سے مطلب ہے۔ چاہے کسی کا نقصان ہی کیوں نہ ہو
م- پیاسا کیا منگتا پانی	اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ پیاسے کو دو گھونٹ پانی بھی نعمت ہے
ع- پیٹھ دے کو جانا	کسی نیک کام میں شرکت کئے بغیر چلے جانا
م- پیج کے بل سے سڑی چندی اکڑتی ہے	جس طرح کسی گندے چیتھڑے کو کلف دینے سے تن جاتا ہے ویسے ہی کمینے دولت پا کر پھول جاتے ہیں۔ مغرور ہو جاتے ہیں
م- تالو پو مارے تو آلو آنا	تالو پر مارنے سے آلو کی مانند گومڑا نکل آئے

گا۔ کسی کو پھٹکارنا

ع۔ تسبیح پھیروں کس کو گھیروں	بظاہر دیندار عورت جو دوسروں کو پھانسے
ع۔ تل مُنڈی پاتال دھنڈی	ہمیشہ سر نیچا رکھنے والی اور آنکھیں ملا کر بات نہیں کرنے والی مکار عورت
م۔ تَنگ کھا مَنگ نہ کھا	تنگی ترشی سے انسان زندگی گزار سکتا ہے اور مانگنے کی ذلت سے بچ سکتا ہے
ع۔ ٹوکری میں کَری گھر سارا گوکَری	ایک دوسرے کی ضد پر پورا گھر تاراج کرنا
م۔ توے میں سے نکل کو چُلّے میں گرے	ایک مصیبت سے چھٹکارا پانے کے بعد دوسری مصیبت میں گرفتار ہونا
ع۔ تین تیرا نو اٹھارا	بربادی۔ ستیاناس ہونا
م۔ تیندوے کو لانڈگے کی گواہی	دو دشمنوں کی ملی بھگت۔ مکاروں کی سازش
ع۔ تیل دیکھ کو بچے جننا	موقع پرست عورت کے متعلق مشہور ہے
م۔ تین بلاے تیرہ آوے بھا دال میں پانی	جب بے دعوتی زیادہ تعداد میں جمع ہو جاتے ہیں اور صاحب خانہ کو بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے
ق۔ تیر مارے سو پھر کو نہ آوے	تیر کمان سے نکل جانے کے بعد واپس نہیں آتا
ع۔ تا نگاں جلی بِلّی	وہ عورت جسے کسی پل قرار نہ ہو اور ادھر ادھر ماری ماری پھرتی ہو۔
ق۔ ٹٹو کو ٹومنی۔ تیزی کو اشارت	ٹٹو کو چابک اور گھوڑے کو اشارہ کافی ہے

م۔ جاتی بلا کو بلانا= دیدہ دانستہ	مصیبت میں مبتلا ہونا یعنے آ بیل مجھے مار
م۔ جاں پرندہ پر نیں مارتا	سنسان جگہ جہاں پرندہ پر نہیں مارتا
ع۔ جتنی محبت اتنی جھل	جیسے محبت بڑھتی ہے گرما گرمی بھی بڑھتی ہے
ع۔ جدھر ہنڈی ڈوئی ادھر سب کوئی	جب تک مال جمع رہتا ہے خوشامد گھیرے رہتے ہیں تاکہ فائدہ اٹھالیں
م۔ جس کا کھانا اس کا گانا	اپنے محسن کے ساتھ احسان ناشناس
ق۔ جگ کا تھنڈا تتا آزماونا	زمانے کے سرد و گرم سے واقف ہونا۔ تجربہ حاصل کرنا
م۔ جَل کو تَھنڈ چُھتنا	پانی کو ٹھنڈ لگنا۔ یعنی بلی مینڈ کی کو زکام ہوا
ق۔ جلتے اوپر تیل ستنا۔ بھڑکانا	جلتے پر تیل ڈالنا۔ کسی کو اور زیادہ غصہ دلانا۔
م۔ جَلتے گھر کا بھانسہ	جلتے ہوئے گھر کی کھپچی بھی غنیمت ہے یعنی جو بچ جاوے وہی غنیمت ہے
ع۔ جنگل کی مَٹی کمبار کی چاك۔ الله کے کلمہ سے ہوئی پاك	نئے مٹی کے برتن دھو دھا کر یہ فقرہ کہتے ہیں اور کلمہ پڑھ کر اس پر پھونکتے ہیں
م۔ جو کوئی آوارہ وہ بھائی ہمارا	فقیروں کی برادری کا مقولہ کہ جو بھی آوارہ نظر آتا ہے وہ ان کا بھائی ہے
ق۔ جو کوئی کرے ہٹ مار نکالیں نٹ	حقیر آدمی کی کوئی ضد نہیں چلتی اور اسے شرمندہ ہونا پڑتا ہے
ق۔ جوت تے جوہر نے پایا مول معنی تے میٹھا لگتا بول	ہیرے کی قدر اس کی چمک دمک سے اور سخن کی قدر اس کے معنی سے ہوتی ہے
ع۔ جوانی میں کسبی بڑھاپے میں تسبیح	وہ بوڑھی عورت جو ہمیشہ دین کی باتیں کرتی رہتی ہے اور دوسروں کو نصیحت کرتی رہتی

ہے چاہے اس کی جوانی کتنی ہی داغدار رہی ہو

م۔ جوانوں کو آئی سستی
بوڑھوں کو آئی مستی

آج کل بوڑھے چست و چالاک بن گئے ہیں اور جوان لوگ آلس اور سستی میں پھنسے ہوئے ہیں

ق۔ جو سریا پانی بوُ دانہ تو
ویچہ ہوا بندی خانہ

غریبی میں دنیا انسان کے لئے زنداں بن جاتی ہے

ع۔ جورو تتولے پھینت (پگڑی)
ماں تنولے پیت

(پچھلے زمانے میں مرد روپیہ پیسہ پگڑی میں باندھ کر رکھتے تھے) بیوی ہمیشہ شوہر کی جیب ٹٹولتی ہے تاکہ روپیہ پیسہ اٹھا کر رکھ لے جبکہ ماں ہمیشہ بیٹے کا بھلا چاہتی ہے یعنی اس بات کی فکر رہتی ہے کہ بیٹا برابر کھا پی رہا ہے یا نہیں

م۔ جو ہانڈی میں ہے وہ
چمچے میں آئے گا

جیسا انسان کا باطن ہوگا ویسا ہی اس کی زبان سے ظاہر ہو جائے گا

م۔ جو کوئی چرائے گا میری کتاب خدایا تو کر اس کا خانہ حراب
قیامت میں ہوگا سوال وجواب یہاں بھی وہاں بھی ملیگا عذاب

کتابوں کی چوری کے ڈر سے کتاب کے سرورق پر یہ عبارت تحریر کی جاتی تھی

ع۔ جُواں کے کات سے کھنڑا
نئیں جلاتے

اگر جوئیں بھر گئی ہوں تو رضائی نہیں جلا ڈالتے۔ یعنی ایک معمولی خامی کے لئے اپنا نقصان نہیں کرتے

ق۔ جو کمینے سوں آس
رکھینگا وہ ہلکا پڑینگا

کمینے انسان سے کسی بھلائی کی توقع نہیں رکھ سکتے

م۔ جہاں یخنی کا ڈل وہاں
سر جھکا کو چل

یہ ان بندۂ شکم لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جنہیں ہمیشہ اپنے پیٹ کی فکر رہتی ہے اور

دعوتیں اڑانے میں پیش پیش رہتے ہیں

ع۔ جہاز پچھوڑ کر دیکھنا
کسی چیز کی پوری طرح جانچ پڑتال کرنا

م۔ جُھکے تو بیضے ہضم
مکار اور چالباز انسان کا ساتھ جو ہمیشہ نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہے

م۔ جُھوٹے کی دعوت کھانے تک اعتبار نئیں
جب تک جھوٹے انسان کے گھر دعوت نہیں کھائی جائے اس کی دعوت کا بھروسہ نہیں یعنی جھوٹے کی کسی بات کا بھروسہ نہیں

ع۔ جُھوٹے ہاتھ سے کوّا نئیں اُڑاتی
بخیل عورت جو اپنے سنے ہوئے ہاتھ سے کوا بھی نہ اڑائے مبادا کہ ہاتھ کو لگا ہوا دانہ نہ گر پڑے اور کوا کھا لے

م۔ جھگڑے کی جڑیں زَرْ، زَنْ، زَمِین
روپیہ پیسہ، عورت اور زمین ہی دنیا میں جھگڑے کا باعث بنتے ہیں

ق۔ جُھوٹے کے منہ میں دائم گند
جھوٹے کی زبان ہمیشہ آلودہ رہتی ہے

ع۔ جھلڈی میں پانی بھر کو ناك ڈبو کو مرجانا
چھلنی میں پانی بھرنا (ناممکن) اور اس میں غیرت دار عورت کا ناک ڈبو کر مر جانا۔ کسی کی بے حیائی پر طنز

م۔ جیتے تو ہاتھ کالے ہارے تو موں کالا
جوئے میں روپیہ جیتیں تو ہاتھ کالے ہوتے ہیں اور ہار جانے کی صورت میں شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے

ع۔ جیتھ کے بھروسے پیٹ کر لی
کسی جھوٹے انسان کے امید دلانے پر کسی بڑے کام کی نیو ڈالنا

ق۔ جِیو بو نتاں منے آنا
جان لبوں پر آنا

ع۔ چاول چبانا۔ چور کو پھنسانا
کہتے ہیں کہ کچھ پڑھ کر چاول چبانے سے چور کے پیٹ میں درد ہونے لگتا ہے اور اس طرح چور پکڑا جاتا ہے

م۔ چار بلائے چودہ آئے سنو گھر کی ریت۔ بھار کے آکو کھا گئے تو گھر کے گائیں گیت
یہ اس وقت کہتے ہیں جب بے دعوتی زیادہ تعداد میں آکر کھانا کھا لیتے ہیں اور گھر والوں کے لئے کچھ نہیں بچتا

ع۔ چاند سورج کی حیاتی
یعنے درازی عمر کی دعا۔ اتنی عمر پاے جتنی کہ چاند سورج کی زندگی ہے

م۔ چپّلْ پو کا پھنَا
چپل کے اوپر لگا ہوا پھندنا جو قدم اٹھتے وقت اچھلتا ہے، یعنے تیز و طرار لڑکا جو ہمیشہ مستعد رہتا ہے

م۔ چراغ چاتو بتیاں ننگلو
حد سے زیادہ کنجوس انسان کی نسبت بولتے ہیں۔ جو کفایت کرنے کے لئے مٹی کے دیے کا تیل بھی خالی کر دے اور بتیاں نکال کر علحدہ رکھ لے تاکہ دوسرے وقت کام آسکیں

ق۔ چکنے گھڑے پو پانی ڈھلتا
غیر مستقل مزاج آدمی۔ چکنا گھڑا

م۔ چن کھاواں کو چنے نصیب منگ کھواں کے منگے نصیب
چن کھو یعنی فریبی اور مکار انسان کسی نہ کسی طرح لوگوں کو دھوکا دے کر اپنا الو سیدھا کر لیتے ہیں اور ان کے گویا چنے ہوے نصیب ہیں اس کے برخلاف منگ کھاو یعنے مفلسوں کی قسمت میں وہی باسی ٹکڑے لکھے ہوئے ہوتے ہیں اور کبھی بھر پیٹ کھا بھی نہیں سکتے

م۔ چور کا موں دو جگ میں
چور کا منہ دونوں جہاں میں یعنی دنیا اور عقبی

کالا	میں بھی کالا ہے
ق۔ چور سواں کے سر کاں آتا ہے	چور شریفوں کی ہمسری نہیں کر سکتا
م۔ چوری پو موں زوری	جو انسان برے بھلے کام کرتا ہے اور اس بات کا انکار کرتے ہوئے سینہ زوری کرتا ہے اس کے متعلق کہتے ہیں
م۔ چونگیاں کی خوشی میں البدا بِسرے	وقتی خوشی میں مگن ہو کر اہم کام بھول جانا۔ محرم کی دس تاریخ کو چونگے یعنے آٹے کے پتلے پتلے پاپڑ بیل کر اس پر میوہ بھر کر رکھتے ہیں اور فاتحہ دلا کر کھاتے ہیں۔ البدا یعنے کربلا کے میدان سے واپسی کے وقت الوداع پڑھتے ہوئے واپس آنا
م۔ چھا بو کے چھابو	کسی انسان کا دولت حاصل کرنا اور یہ روپیہ فضول کاموں میں گنوا دینے کے بعد اپنی اصلی حالت پر واپس آجانا
م۔ چُھٹّی کاس نئیں	بالکل خالی ہاتھ ہونا۔ ایک آنے کی بارہ پائیاں یعنی کاس ہوتی تھیں۔ یہ تانبے کا سب سے چھوٹا سکہ ہوتا تھا مطلب یہ کہ ایک تانبے کا سکہ بھی اپنے پاس نہیں۔
ع۔ چھنال بَاؤڑا	عورتوں کے شیدائی اور ہرجائی انسان کی نسبت بولتے ہیں
م۔ چور کی بُومڑی گانو سے آگے	جو حقیقت میں چور ہوتا ہے وہی چور چور کر کے شور مچاتا ہے (بومڑی۔ غل مچانا)

م۔ حرصُ الدّنیا عذابُ المَوت کَرتیں سو کَم بولتیں سو بھوت
دنیا میں زیادہ حرص کرنے والوں کا انجام موت ہوتا ہے اور اسی طرح فضول باتیں ہی کرتے رہتے ہیں اور کچھ ٹھوس کام نہیں کرتے

ع۔ حلَقْ میں پھوڑے پھٹو
کسی کی برائی کرتے ہوئے اسے کوسنا کے اس کے حلق میں پھوڑے پھوٹیں

ق۔ خالی گھر میں کوتیاں کا راج
خالی گھروں میں کتوں کا راج ہوتا ہے یعنے وہاں کتے گھس جاتے ہیں

ع۔ خدا کا دیا سریا نئیں بندے کا دیا رھیا نئیں
خدا کی رحمت اور بخشش کی انتہا نہیں ہے وہ دینا چاہے تو چھپر پھاڑ کر دے گا۔ مگر انسان جو کچھ بھی دوسرے انسان کو دینا چاہے گا وہ جان بوجھ کر اور سوچ سمجھ کر ہی دے گا

ق۔ خِرد سوں سخن ہور سُخن سوں خرد
ذہین آدمی ہی شاعر بن سکتا ہے اور شاعری سے ذہانت بڑھتی ہے۔

م۔ خالی گھر میں دیو بسے
اگر مدت تک گھر خالی رہے تو کہتے ہیں کہ اس میں بھوت پریت گھس جاتے ہیں

ع۔ خوبصورتی پو رَسولی
طنزا بد صورت انسان کی نسبت کہتے ہیں کہ پہلے ہی وہ بد صورت ہے اور اس پر رسولی بھی نکل آئے تو بد صورتی انتہا تک پہنچ جاتی ہے

م۔ خون کم غصہ زیادہ مار کھانے کی نشانی۔ آمدنی کم خرچا زیادہ گانوٗ چھوڑنے
یہ بات سچ ہے کہ انسان کے بدن میں خون کم ہو جائے تو وہ چڑچڑا اور غصہ ور ہو جاتا ہے جسکے نتیجہ میں وہ دوسروں سے جھگڑا کرتا ہے

کی نشانی
اور مار بھی کھاتا ہے۔ اسی طرح اگر آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہو تو ضرور قرض مانگے گا، اور ادا نہ ہونے کی صورت میں لاچار ہو کر گاؤں چھوڑ کر دوسری جگہ جا کر بس جائے گا

م۔ دَانہ پانی سَرنا
دنیا سے رزق کا اٹھ جانا۔ کسی کی موت کا بلاوا

م۔ دانے پو کی چڑیاں
جیسے دانے بکھرنے سے چڑیاں جمع ہو جاتی ہیں اور دانہ چگ کر اڑ جاتی ہیں اسی طرح جب تک مال جمع رہتا ہے مطلب پرست اسے گھیرے رہتے ہیں اور جب سب ختم ہو جاتا ہے وہاں سے کھسک جاتے ہیں

ق۔ دانا کی گھٹ کچھ اور ہے نادان کی بٹ کچھ اور ہے
عقلمند کچھ سوچتا رہتا ہے اور نادان آدمی معمولی بات پر بحث کرتا رہتا ہے

م۔ درد خراسان میں دارو ہندوستان میں
اگر خراسان میں کسی شخص کو درد محسوس ہو اور کوئی حکیم اس کی دوا کی موجودگی ہندوستان میں بتائے تو یہ صریحاً بہانہ سازی ہوگی یعنے بہانہ سازی کرنا

م۔ دَس کے لَٹھے ایلک کا بھار
جس طرح دس لوگوں کے ہاتھ کی لاٹھیاں ایک انسان کا بوجھ بن جاتی ہے اسی طرح دس آدمی مل کر کسی بے کس کی مدد کر سکتے ہیں اور اسکا بیڑا پار کر سکتے ہیں

م۔ دُکھ پو دُنبل
دنبل سرین پر ہونے والا زخم ہے جس سے انسان کو بیٹھنے اٹھنے میں تکلیف ہوتی ہے۔ اگر کسی دکھی انسان کو دنبل ہو جائے تو وہ پریشانی

	میں مبتلا ہو جائے گا، یعنی وہ دوہری مصیبت میں مبتلا ہو گا
م۔ دِل تنگ تو ہاتھ تنگ	تنگ دل انسان کا ہاتھ بھی ہمیشہ تنگ ہی رہتا ہے یعنے انتہائے کنجوسی
ق۔ دِل کے لنکھا کو برہا کی آگ لگانا	دل میں عشق کی چنگاری بھڑکانا۔ جدائی کی آگ میں جلنا
م۔ دل کی خوشی دَھنمَڑی	دھنمڑی تابع لفظ ہے یعنے جو کام بھی انسان کرنے لگتا ہے وہ اس کے لئے خوشی کا باعث ہوتا ہے
م۔ دِل دِوانہ گُردے ہُشار	مکار انسان۔ بظاہر انسان دیوانہ سا لگتا ہے مگر اپنا مطلب نکالنے کے لئے حد سے زیادہ ہوشیار بن جاتا ہے
ق۔ دُنیا دو دِیس کی مہمان	اس دنیا کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ دو روزہ ہے اور انسان کو زندگی گزارنے کے لئے عمل صالح کی ضرورت ہے۔
ع۔ دنساری وانا وانی رات ساری چرخہ پونی	بیکار وقت گزارنے والی عورت جو دن بھر عورتوں میں بیٹھ کر فضول باتیں کرتی ہے اور رات کو شوہر سے ڈر کر چرخہ چلاتی ہے
ع۔ دِوانی شانی۔	وہ لاابالی طبیعت کی مالک عورت جو اپنے آپ میں مگن رہتی ہے
م۔ دِوانہ اُٹھیا مَلیندَہ کُوتیا	بغیر سوچے سمجھے کوئی کام کرنا
م۔ دو مہینے جاکو دو آنے لایا دلندر آیا دروازہ کھولو	دو مہینے محنت کر کے جو دو آنے کما کر لائے گا وہ بڑا نکھٹو اور کام چور ہے اور ایسے انسان کی گھر

کی واپسی پر طنزاً اس طرح بیان کرتے ہیں

م۔ دُوْد کا جلیا چھاچ پھونك کو پیتا	دودھ کا جلا چھاچھ پھونک کر پیتا ہے۔ غلطی کرنے کے بعد انسان سدھر جاتا ہے
م۔ دو میں تِسْرا آنکھ میں کنکرا	کسی سفر میں دو آدمی ہنسی خوشی سے بسر کرتے ہیں اور جب کوئی تیسرا ان میں شامل ہو جائے تو یہ خوشی کڑواہٹ میں بدل جاتی ہے
م۔ دھوے سو انگار	جلتے ہوئے آگ کے ڈلے کو جب دھو دیتے ہیں تو بالکل کالا ہو جاتا ہے۔ بالکل سیہ فام انسان کی تشبیہ
م۔ دیکھے تو ہنسے نئیں تو لے کو کھسے	ملے ہوئے چور کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ چوری کی تاک میں رہتا ہے۔ چونکہ جانا پہچانا ہے اس لئے کسی کو اس پر گمان نہیں ہوتا۔ جب کوئی چیز اٹھاتے ہوئے اسے دیکھ لیتے ہیں تو وہ ہنس دیتا ہے ورنہ مال اٹھا کر چمپت ہو جاتا ہے
ع دیوار کو دڈی نکو۔ گھر کو بُڈی نکو	دو گھروں کے بیچ میں کوئی کھڑکی نہ ہو اور گھر میں کسی بوڑھی عورت کو نہیں آنا چاہئے۔ کیونکہ ان دو برائیوں سے گھروں میں جھگڑا فساد برپا ہوتا ہے
م۔ دیکھ دکھا کو باوڑی میں پڑنا	آنکھیں رکھتے ہوئے بھی کنویں میں گرنا۔ یعنے جان بوجھ کر مصیبت مول لینا
ع دیکھا دیکھی چلّا بھوکی	دوسری عورتوں کی ریس کرنا، بے جا تقلید۔
ق۔ ڈونگر کھود کو چُوا ماریا	یعنے کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا، بے منفعت کام کرنا

م۔ ڈھو یا تو ڈھو،نیں تو چَھنڈ میری روٹی چٹنی
کہتے ہیں کہ کسی بادشاہ کی لڑکی کو دیو اٹھالے گیا اسے تلاش کرنے ساتوں شہزادے نکلے راستے میں دوسرے شہزادوں کی خوراک گل سڑ گئی، مگر چھوٹے شہزادے کی ماں نے سوکھی روٹیاں اور چٹنی باندھ دی تھی جو خراب نہ ہوئیں۔ راستے بھر دوسرے شہزادے روٹی اور چٹنی مانگ کر کھاتے رہے۔ بدلے میں شہزادہ راستے میں پڑی ہوئی چیزوں کو اٹھا کر چلنے کا حکم دیتا۔ اور حکم عدولی کی صورت میں انھیں روٹی چٹنی قے کرنے کے لئے کہتا۔ احسان جتا تا

م۔ ذات کو ذات واٹری، پانی کو کنجال واٹری
اپنی ذات والے ہی اپنے دشمن ہوتے ہیں۔ جیسے کنجال یعنی کائی پانی پر جمی رہتی ہے مگر پانی سے الگ رہتی ہے اور پاک صاف پانی گندہ کر دیتی ہے۔

م۔ رابے تو چابے
جب تک انسان محنت نہ کرے اسے آسائش نصیب نہیں ہوگی اور خوراک میسر نہیں ہو گی

م۔ رتّی کو بتّی کرنا
کسی معمولی بات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا

ق۔ رس نئیں سو گانڈا۔ ہمت نئیں سو خالی بھانڈا
یعنے جس گنے میں رس نہ ہو وہ بے ہمت انسان کے دل کے مانند ہوتا ہے۔ بالکل کھوکھلا

ع۔ رنڈی کا جیو بنڈی میں
پرخور عورت کا دھیان ہمیشہ کھانے پینے ہی

میں اکڑ رہتا ہے

م-روٹی کھانا شکر سے دنیا کرنا مکر سے	دنیاداری کرنے کے لئے بڑی ہوشیاری اور چالبازی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس طرح کہ روٹی شکر کے ساتھ مزا دے جاتی ہے
م- روتا گیا مرنے کی خبر لایا	کسی انسان کی خیریت دریافت کروانے کے لئے زبردستی بھیجا گیا تو وہ روتا ہوا مجبوراً اس کام کے لئے گیا اور آ کر خبر دی کہ فلاں شخص مر گیا
م- روتی سو رانڈ کو، ہنستے سو بھڑوے کو نئیں پتیانا	آنسو بہانے والی عورت اور ہمیشہ ہنستے رہنے والے مرد کا بھروسہ نہیں کرنا چاہئے۔
ع- روتے کے ڈاویں طرف سیتے کے سیدھے طرف نئیں بیٹھنا	روتے ہوئے انسان کے بائیں طرف نہیں بیٹھنا چاہئے کیونکہ وہ اپنی ناک کا نزلہ بائیں ہاتھ سے پھینکتا رہتا ہے اور سینے والے کے سیدھے طرف بیٹھنے سے سوئی چبھنے کا ڈر ہے
ق- ریج کے گھٹ۔ نکوبی گھٹ گھٹ	زیادہ جوش اور ولولہ برا ہے
ق زاغ پھول بوجھے۔ بوجھے تو بھونرا	بھونرا ہی پھول کی قدر کر سکتا ہے کوا پھول کی قدر نہیں کر سکتا
ق- ساٹھے۔ بُد نہاٹے	ساٹھ سال کی عمر ہو جانے کے بعد انسان کی عقل چلی جاتی ہے
م- سادھو سے سادھو ملے کر لے دو دو بات، گدّے سے گدا ملیامارلے دو دو لات	جب ایک سادھو دوسرے سے ملتا ہے تو دونوں دو ایک بات کر لیتے ہیں، جبکہ ایک گدھے کا دوسرے گدھے سے آمنا سامنا ہوتا

	ہے تو ایک دوسرے کی لاتوں سے خبر لیتے ہیں
م۔ سانپ کو دودھ پلا کو پالنا	کسی دشمن کے ساتھ محبت و مروت کا برتاؤ کرنا۔ جس کا نتیجہ ظاہر ہے برا ہی ہوگا
ق۔ سانپ کے منہ میں پاوں دئے تیوں	دانستہ مصیبت میں گرفتار ہونا
ق۔ سانپ لڑا منہ خالی	سانپ کے ڈسنے کے بعد اس کا زہر ختم ہو جاتا ہے
م۔ سانپ کے بِل میں ہاتھ ڈالنا	دانستہ مصیبت مول لینا
م۔ سانپاں کو مار کو چیلاں کو بھانا	سانپوں کو مار کر چیلوں کو کھلانا۔ بے فائدہ کام کرنا
م۔ سَتّر عَقَل پو پَھتّر	ستر سال کی عمر ہو جانے کے بعد عقل پر پتھر پڑ جاتے ہیں
سَرائے سو بَھوٗ سَسُرے کَنے گئی	جس بہو کی خسر نے تعریف کی تو اس بہو نے اپنے خسر سے ناجائز ناتہ جوڑ لیا۔ خوشامد پرستی کا نتیجہ
م۔ سر بچا تو منڈا سے بزار	اگر انسان کا سر سلامت رہے تو ہزار پگڑیاں باندھ سکتا ہے۔ یعنے ساکھ قائم رہے تو انسان کئی کام کر سکتا ہے
ع۔ سَر دُکھتَا سِینَہ بَھاری اَسیر کی گَنجِی آسرے میں لاری	پیٹو عورت کہتی ہے کہ اس کا سر درد کر رہا ہے اور سینہ بھاری ہے، مگر اشارہ کر رہی ہے کہ آدھے سیر کا دلیہ بنا کر اسے آسرے میں لا کر

دیا جائے تا کہ وہ اسے چٹ کر جائے۔ حریص عورت کی برائی۔

ق۔ سِکلائی بُد دہلیز لگن گھِر گھِٹ کی دَوڑ باڑی لگن
دوسروں سے سیکھی ہوئی عقل صرف دہلیز تک ساتھ دیتی ہے، یعنے بہت جلد ختم ہو جاتی ہے۔ جس طرح گرگٹ کی دوڑ جھاڑی تک ہوتی ہے۔

م۔ سُنا سو سُنا۔ پتّل سو پتّل
سونا سونا ہی ہے اور پیتل پیتل ہی یعنے شریف انسان شریف ہی رہے گا اور کمینہ کمینہ ہی

ق۔ سَنپَڑ سِی نا چُٹکِی میں زَنگی کے بال
حبشی کے بال چٹکی میں نہیں پکڑے جا سکتے۔ یعنے بہت بڑا کام کسی معمولی آدمی سے پورا نہیں ہو سکتا۔

ع۔ سَوکَن نَہ سوے نَہ سونے دے
ایسی عورت جو نہ خود چین و آرام سے رہے اور نہ دوسروں کو چین لینے دے

م۔ سُوئی میں دَھاگا پُراے سریکا
کسی واقعے کو تفصیل سے بیان کرنا

م۔ سُونٹھ کی نَاس لینا
ہمیشہ کڑوے تیوروں سے رہنا

ع سَو گز وَاری پاو گز پھاڑی
وارنے کے لئے تو سو گز مگر دینے کے لئے صرف پاؤ گز پھاڑنے والی عورت۔ رشتہ داروں کے سامنے دلہن کی بلائیں لینا مگر دل میں خار کھانا

ع۔ سُہاگن کو سُوپ کا آسرا
بہانہ سازی کرنا اور اپنا مطلب نکال لینا۔ ٹٹی کی آڑ میں شکار کھیلنا

ع۔ سَیدَانِی بِی سیندھی پیتیں۔ آخ تھو آسرے میں لاو
ریاکاری دکھاوا۔ لوگوں کے سامنے بڑی پارسا بنتی ہے۔ مگر جب موقع ملے گناہ کرنے

سے نہیں چوکتی

م۔ سیر چاول چھٹانک دال اسمیں پانی تین پکھال پکے سریکا بھاکو ڈال مار غلیتے بھار نکال	تیلی کے گھر کی دعوت ایک سیر چاول اور چھٹانک بھر دال اس میں تین مشک پانی ڈال کر پکایا گیا اور مجبور الوگوں کو کھلا کر مار مار کر باہر نکالا گیا۔
م۔ سیر کو سوا سیر	ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش
م۔ شال میں لپٹ کو مارنا	آسمان سے بوند ٹپکا حوض میں ہنستا ہوا۔ کیا مزا دیتا ہے جوتا شال میں لپٹا ہوا کسی انسان پر در پردہ حملہ کرنا۔ طنز کرنا۔
م۔ شادی کر کو دیکھ گھر بندھ کو دیکھ	اولاد کی شادی کرنا اور گھر تعمیر کرنا بڑی جان جوکھم کا کام ہے۔ یہ وہی لوگ جانتے ہیں جنھیں اس کا تجربہ ہوا ہو
م۔ شانا کوا گو کھایا	زیادہ عقلمند انسان ہی بیوقوف بنتا ہے
م۔ شکار کے وقت کتے کو پاخانہ آیا۔	بے محل وبے موقعہ کام
ق۔ صبح کا نکلیا تارا مجھے چھوڑ چلیا رے بنجارا	بنجاروں کے ٹھور ٹھکانے کا پتہ نہیں، شام ہوئی وہیں قیام کیا اور صبح ہوتے ہوتے نئی جگہ کے لئے نکل پڑے۔ رات گئی بات گئی
ق۔ صرا فیچ گہر بوجے گا	جوہری ہی ہیرے موتی کی قدر جانتا ہے
ع۔ صورت نہ شکل چلے میں ڈھکل	کسی انسان کی بد صورتی پر طنز کرنا
م۔ عاقل کو اشارا بھینس کو لٹھا	عاقل کو اشارہ کافی ہے اور بھینس کو ہانکنے کے لئے لاٹھی کی ضرورت ہے

م۔ عجب میری قسمت کا گولا ہوا۔ میں پیرا تھا خرما صندولا ہوا۔	میری بد نصیبی کی انتہا یہ ہے کہ میں نے کھجور کا پودا اگایا مگر جب پھل آئے تو وہ تمام صندولے تھے۔ (صندولہ سیندھی کے درخت کا پھل)
م۔ عقل والے کُو تین جگہ اور نادان کو ایك جگہ گُولگتا ہے	کسی نادان کے پاؤں کو گندگی لگ جائے تو وہ اسے روند کر چلا جاتا ہے جب کہ کسی دانش مند کو گندگی لگے تو وہ انگلی سے چھو کر دیکھتا ہے اور پھر ناک کے پاس لا کر سونگھتا ہے
ق۔ عقل میں کا کلوت جیوں ریشم میں سوت	عقل میں حرص یوں سما جاتی ہے جیسے ریشم میں سوت۔ اس لئے انسان کو حرص و ہوا سے دور رہنا چاہئے۔
ق۔ عشق میں بد نامی جوں کھانے میں نملك	عشق میں رسوائی ناگزیر ہے۔
م۔ عِلّتؔ جاتی ولے عادت نئیں جاتی	بیماری دفع ہو سکتی ہے مگر عادت نہیں چھوٹتی
م۔ عیسیٰ کی ٹوپی موسیٰ کے سر۔	لوگوں کو فریب دینا۔ دھوکہ بازی
ع۔ فُلانے کا فُلانا	یار۔ رقیب
م۔ فقط فاقہ ہٹ کو وَافا	کاہل و نکما انسان ہمیشہ فاقے ہی کرتا رہتا ہے
م۔ فقط تعویز سے کام نہیں چلتا	کسی نے مرشد سے اولاد ہونے کے لئے تعویز مانگا۔ انہوں نے تعویز دے کر کان میں کہا کہ فقط تعویز سے کام نہیں چلتا کمر میں بوتا چاہئے

ع۔ قبر میں سوڑاں پُکارو	مرے ہوئے لوگوں کو برا بھلا کہنا
م۔ قبر کی حالت مردے کو معلوم	کسی انسان کی طبیعت کا حال خود اسی کو معلوم ہوتا ہے دوسروں کو نہیں
ع۔ قَبَر پر دھَنُورا پکے	کسی مرے ہوئے انسان کی برائی کرنا
ع۔ قدٗ گدّی کا پیٹ بُدّی کا	کم عمر مگر پیٹو لڑکی
م۔ قُل درود کا ثواب	مردوں کے نام پر فاتحہ دلانا
م۔ قول بیڑا دینا	سگائی کے وقت دلہن کے والد اور دولہا کے والد بات چیت کرنے کے بعد طشتری میں بادام، کھجور مصری، پان سپاری، الائچی وغیرہ رکھ کر سرپوش سے ڈھانک کر ایک دوسرے کی خدمت میں پیش کرتے ہیں کہ سگائی پکی ہوگئی ہے۔
م۔ کاڑی کی شائی (شئے) نئیں۔	گھر میں ایک تنکا نہیں۔ کمال تنگدستی
م۔ کام چور نوالہ حاضور (حاضر)	کام سے جی چراتا مگر دستر خوان پر سب سے پہلے موجود رہنا
م۔ کاں گنگا تیلی کاں راجہ بھوج	کہاں گنگا تیلی اور کہاں راجہ بھوج
م۔ کاٹلا کاٹلے جیسا۔ پیٹ تھیلے ویسا	بیمار بیمار کے مانند ہے۔ مگر غذا صحت مندوں سے زیادہ کھاتا ہے
ع۔ کالی مینا کڑوا تیل	کالی کلوٹی عورت
ع۔ کالی مرغی کرکنات	کالی کلوٹی عورت کرکنات (کڑک ناتھ۔ کالی مرغی)

م۔ کام کو آں ہاں کھانے کو ہوں	کام کرنے سے انکار مگر دسترخوان پر موجود
م۔ کُتّے کی دُم بِنگی کی بِنگی	کتے کی دم ٹیڑھی کی ٹیڑھی۔ کبھی نہ سدھرنے والا انسان
ع کٹ کی بڈّی کو قبیلے کی خبر کا ٹیکو	کلتھی کا عرق (کٹ) لینے آئی ہوئی بڑھیا کو پورے محلّہ کی خبر لینے کی کیا ضرورت ہے۔ بوڑھیوں کا ذوق تجسس
م۔ کر محنت کھانیا مت (نعمت)	محنت کرنے ہی سے انسان کو خوراک ملتی ہے اور آرام نصیب ہوتا ہے
م۔ کرے تو ڈر نئیں کرے تو ڈر	شش و پنج میں مبتلا ہونا۔ کسی کام میں ہاتھ ڈالتے ہوئے پس و پیش کرنا
ق۔ کتے، پانی کو پانی دود کو دود	کھری کھری بات کہنا۔ لگی لپٹی بات سے احتراز کرنا۔ دودھ کا دودھ پانی کا پانی
ع۔ کچ نئیں جانتی یرغہ۔ چولی پھاڑیا مرغا	بظاہر بھولی بھالی عورت مگر حقیقت میں مکار اور چالباز
م۔ کلیجے کو جلا کو راخ کرنا	کلیجہ جلانا۔ غم کھانا
م۔ کلیجے کو پانی کرنا	خون پسینہ ایک کرنا
م۔ کنے کی بات کنا۔ نئیں کنے کی بات جان گیا تو بی نئیں کنا	راستی پر قائم رہنا اور سچی بات کہتے ہوئے نہیں ہچکچانا
ق۔ کوئی کچ کتے کوئی کچ کتے	جتنے منہ اتنی باتیں۔ یعنے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ
ق کوتیاں کو سلک دئے تو منہ	کتوں کو چمکاریں تو وہ منہ چاٹنے لگ جاتے

چاٹنے آتیں	جاتے ہیں۔ میئوں کو عزت دیں تو سر چڑھ جاتے ہیں۔
ق کوتے کو کھیر جروتی نئیں	کتے کو کھیر نہیں پچتی۔ بڑے کام چھوٹوں سے نہیں ہو پاتے
ق۔ کھانے میں تے اڑیالوں اتال تمے کون ہمے کون	روپیہ پیسہ ختم ہو جانے کے بعد تمام دوست آنکھیں پھر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میاں تم کون ہو
م۔ کھاے پئے بل کرے، چُلّے طرف بِل کرے	کسی کے گھر میں سیر ہو کر کھانا اور پاوں پھیلا کر لیٹ جانا
م۔ کھانے کو بسم اللہ، کام کو استغفر اللہ	دستر خوان پر موجود ہونا اور ہمیشہ کام سے جی چرانا
م۔ کھاے گھر کے بھانسے گننا م۔ کھاے گھر کے جَنتے گننا	مٹی کے گھروں میں بانس کے شہتیر ڈال کر چھت بنائی جاتی ہے اور ان شہتیروں کو بھانسے یا جنتے کہتے ہیں۔ یعنے جس کے گھر میں کھانا کھایا انھیں لوگوں کی برائی کرنا
م۔ کھاے سو باسن میں چھید کرنا	جس رکابی میں کھانا کھائیں اسی میں سوراخ ڈالنا۔ بے ایمانی کرنا
م۔ کھنڈی میں مٹھی	بورا بھر اناج دکھلا کر صرف ایک مٹھی بانٹنا۔ دھوکے باز انسان کو بھی کہتے ہیں
م۔ کھیل کھلاڑی کا پیسہ اناڑی کا	ہوشیار آدمی بازی لے جاتا ہے اور اناڑی دیکھتا رہ جاتا ہے
م۔ کھیل کا کھیل نفے (نفع) میں بچا	زیادہ چھول والوں کی تضحیک کرنا

م۔ کیاپدی کیا پدی کا شیروا	بالکل بے حقیقت شے (پدی ایک چھوٹا سا کالا پرندہ ہوتا ہے)
م۔ کیوں کیوں کیچ ہونا	بے قراری۔ ہول ہونا
م۔ کیا کی بولے سری کا	یعنے وہ جو کہتے ہیں۔ بات کو ٹالنا
ق۔ گاودی کے ہاتھ ہیرا گارا چیرا ہے	احمق کی نظر میں ہیرا سنگ خارا سے بڑھ کر نہیں
م۔ گاے قصا بیچ کو پتیاوے	گاے قصاب کا ہی اعتبار کرتی ہے
م۔ گدّے کو زعفران کی کیا قدر	گدھے کو زعفران کی قدر نہیں۔ احمق انسان کو قیمتی چیزوں کی قدر نہیں ہوتی
م۔ گدّنْتُنْ فِتنَتُنْ	پستہ قد انسان فتنہ پرداز ہوتا ہے
ع۔ گڑگا پیٹ کی طرف جھکتا ہے	گھٹنا پیٹ ہی کی طرف مڑتا ہے۔ یعنے لوگوں کو اپنے رشتہ داروں کا ہی خیال رہتا ہے
ق۔ گگن کے برجاں پھوڑنا	دانش مندی کی انتہا۔ آسمان کے برجوں تک پہنچ جانا
ع۔ گل گل کو کیڑیاں کی راس ہو جاے	کسی کو بد دعا دینا کہ وہ بیمار ہو جاے اور اس کے بدن میں کیڑے پڑیں۔ کوسنا
م۔ گلی کی بلا گلے میں	بلا کو دعوت دینا۔ مصیبت کو دعوت دینا
ق۔ گناہ گردن پو چڑنا	بد معاش انسان کی گردن پر حرام سوار ہونا
م۔ گوبرپو پتھر مارنا	گوبر پر پتھر مارنے سے اپنے اوپر ہی چھینٹے اڑتے ہیں۔ کسی کو بلاوجہ ستایا جاے تو اس کا برا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے
ع۔ گوموت اٹھانا/ گوموت کرنا	کسی مریض کی مرنے تک دیکھ بھال کرنا

م۔ گاوں گلی پھرنا	آوارہ گردی کرنا
ق۔ گورو اور انسان میں بات کاچ فرق رہتا ہے	انسان اپنی زبان ہی سے لوگوں میں عزیز ہوتا ہے یا ذلیل ہوتا ہے۔ ورنہ اس میں اور جانور میں صرف نطق کا فرق ہے۔
ع۔ گوری تیری اُنچی پیشانی مار کھانے کی نشانی	جس عورت کی پیشانی بلند ہوتی ہے وہ مغرور ہوتی ہے جس کے نتیجے میں اسے مار کھانی پڑتی ہے
م۔ گِھر گھُٹ کی دوڑ باڑی تک	یعنے کم ہمت انسان کی پہنچ نزدیک تک ہی ہوتی ہے وہ دور اندیش نہیں ہوتا
م۔ گھر جاو کتا گور آو کتا	دنیا سے بیزاری موت کی تمنا۔ لب گور ہونا
ق۔ گھر کو دیوا تو مسجد کو دیوا	پہلے گھر کو چراغ پھر مسجد کو
ق۔ گھوڑ پو گونہراں رولنا	فضول اور بے نتیجہ کام کرنا
م۔ گھر کِی جگہ ڈھیلا نئیں	گھر کا پورے طور پر تاراج ہو جانا۔ کوسنا
م۔ گھورم گھاری۔ تھوکم تھاکی۔ مارا کوٹی	جھگڑے کی ابتداء ایک دوسرے کو گھورنے سے ہوتی ہے پھر ایک دوسرے پر تھوکتے ہیں اور پھر مار پیٹ ہونے لگتی ہے۔ جھگڑے کی ابتدا اور انتہا۔
م۔ گھوڑا کلتھی کھایا تو گدے کے پیت میں درد	کلتھی ایک قسم کا دانہ ہوتا ہے جسے ابال کر گھوڑوں کو کھلایا جاتا ہے۔ یہ دیکھ کر گدھے کے پیٹ میں درد ہونے لگتا ہے کہ اس کے نصیب میں یہ چیز نہیں
م لانڈے منڈے کھانا	آوارہ گردی کرنا

ق لڑنے تے لڑانا کبل	لڑنے سے لڑانا مشکل
م۔ لڑتوں کے پیچھے بھاگتوں کے آگے	بزدل انسان جو جنگ لڑنے والوں کے پیچھے رہتا ہے اور بھاگنے والوں کے آگے
م۔ لکھے تو قلم گھٹتا نئیں تو یجمان گھٹتا	فیصلہ لکھیں تو قلم (تحریر) کی بے عزتی ہو گی اور نہ لکھیں تو مالک (یجمان) کی بے عزتی ہو گی۔ صحیح فیصلے پر سفارش کا دباؤ
ق۔ لگے دم سٹے غم	نشہ بازوں کا مقولہ۔ کہ دم لگالیں تو سارے غم بھول جائیں
م۔ لگیا تو تیر نئیں تو تُکَا	اناڑی تیر انداز کا تیر چلانا
م۔ لنگڑا لکھ پتی، کانا حِکمتی	لنگڑا مالدار اور کانا عیار ہوتا ہے
م۔ لنکھا کو انگار لگانا	فتنے فساد برپا کرنا
ق۔ لوٹ میں لوٹ کا کلوٹ لت میں لت غفلت	سب سے بڑی لوٹ حرص ہے اور سب سے بڑی لت غفلت ہے
ق۔ لوٹے تو بھنڈار مارے تو بست	چوری کرنا ہے تو خزانہ لوٹنا اور مارنا ہے تو ہاتھی کو مارنا چاہئے
م۔ لھوار خانے میں سوئیاں بیچنا	لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا
ع۔ ماں جیسی بیٹی آٹے دیسی روٹی	بیٹی کی عادتیں عام طور پر ماں پر جاتی ہیں
ع۔ ماں کا پیٹ کمبار کا آوا۔ کوئی کالا کوئی گورا	ایک ماں کے پیٹ میں الگ روپ رنگ کی اولاد ہوتی ہے کسی کو کسی پر فوقیت نہیں جیسا کہ آوے کی ہانڈیاں کالی بھی ہوتی ہیں اور لال بھی

م۔ مانیا تو دیو نئیں تو پتھر
اگر اسے مان لیں تو وہ دیوتا ہے ورنہ پتھر

ع۔ مانی تو ناری نئیں تو ماری (درگا)
اگر بیوی شوہر کی بات مانے تو وہ سلیقہ مند بیوی ہے ورنہ ماری ہے۔

م۔ مال کو چنچے کر کو رولنا
مفت میں مال مل جائے تو بے دریغ پیسہ (املی کے بیج) سمجھ کر خرچ کرنا۔

م۔ ماں پلی، باپ تیلی، بیٹے نکلیں سیدلی
کسی کی شرافت و نجابت کا پول کھولنا

م۔ مٹہ کو مٹی ڈھونا
بیگار کام کرنا

ق۔ مُٹھی میں بار پکڑنا
بے استاذ ہین انسان جو بات کی تہہ تک پہنچ جائے

م۔ مُجرّد سب سے اعلیٰ، نہ سسرا ہے نہ سالا ہے
ناکتخدا لوگ فخر سے کہتے ہیں کہ وہ سب سے اعلیٰ ہیں کیونکہ ان کی کسی سے رشتہ داری نہیں اور انھیں کسی کے سامنے سر جھکانا نہیں پڑتا ہے۔

ق۔ مُچھاں ڈھوکے پھرتے کہ چھپر کا گھاس
کسی کی مردانگی کو للکارنا کہ مونچھیں رکھ کر بھی بزدلی دکھا رہا ہے۔ اس کی مونچھیں ہیں کہ گھاس کا پولہ

م۔ محنت کریا مرغا انڈا کھایا فقیر
کوئی جان توڑ محنت کرے اور کوئی دوسرا آرام سے بیٹھ کر اس کا فائدہ اٹھائے

ق۔ محنت کا جھاڑ راحت کا بار لاوے
محنت کا پھل ضرور ملتا ہے یعنے محنت کے درخت میں راحت کے پھل ضرور لگیں گے

ق۔ محبوب کی بات پھول کا پات کملاتے بار نئیں
معشوق تنک مزاج اور نازک مزاج ہوتی ہے اور چھوٹی چھوٹی بات پر روٹھ جاتی ہے۔

م۔ مرنا مرنا چوکے نا۔ ایسا مرنا کوئی تھوکے نا	ایسی زندگی گزار کر مرنا کہ لوگ مدتوں یاد رکھیں ڈرڈر کر جینے سے کوئی فائدہ نہیں
م۔ مرگیا مردود فاتحہ نہ درود	کسی ناکار انسان کے مرنے پر بددعا دیتے ہیں کہ چلو اچھا ہوا وہ مرگیا
م۔ مرنے بیٹھیں پڑنے ڈالو	عمر ہوگئی ہے اور پڑھنے لکھنے کا شوق چرایا ہے
ق۔ مسکے میں تے بال کاڑنا	چالاکی سے کام نکالنا
م۔ مسکے میں سے بال نکالنا	
ق۔ مسکہ جوں کہ کارے مت۔	جیسے متھنے سے مکھن نکل آتا ہے۔ محنت کا پھل پانا
م۔ من میں بسے ،سپنے میں دسے	جو شئے مرغوب ہوتی ہے اسی کا دھیان رہتا ہے اور دل میں جس کا دھیان رہتا ہے خواب میں وہی دکھائی دیتا ہے
م۔ موں پو مسجد دل میں بت خانہ	ظاہر الگ باطن الگ۔ بظاہر پرہیزگار مگر دل میں کھوٹ
ع۔ موں میں نوالہ سر پو ٹھولہ	کسی کو کھانا کھلا کر احسان جتانا
م۔ موں پو تھوک کو ہاتھ میں چھٹی کاس دینا	کسی حقیر انسان کو بہت ذلیل کرنا
ع۔ موں پھٹے بلا اٹھے	غیر محتاط انداز میں زبان چلانا مصیبت کا باعث بن جاتا ہے۔
ق۔ موں میں تے نکلیا بول پچھیں کیا پھر کو آتا یے	منہ سے بات نکل جانے کے بعد ہرگز واپس نہیں آتی اس لئے انسان کو سوچ سمجھ کر منہ کھولنا چاہئے
م۔ موں بات کو	برائے نام ہی سہی۔ بات رکھنے کے لئے

ع۔ موں پو جھاڑو پھرو	کسی بد معاش کی شکل دیکھ کر برا بھلا کہنا
م۔ مُوت میں مَچھیاں مارنا	پیشاب میں مچھلیاں پکڑنا، بے حقیقت اور ذلیل کام کرنا
ع مھور سلیمانؑ پیغمبر کی درائی	کہتے ہیں کہ حضرت سلیمانؑ کی دہائی دیئے یا درا ہی (بادشاہت) کا اعلان کرنے سے سانپ بچھو رک جاتے ہیں۔ کسی کام کی حد
ق۔ میاں منے دنیاں میں رھتے ہاں کوہاں کی نئیں کتے	لوگوں کے ڈر اور رور عایت سے سچی بات نہیں چھپانا چاہئے بلکہ سچی بات علی الاعلان کہہ دینا چاہئے۔
ع۔ میا کا پیٹ جلے	کسی کو بد دعا دینا کہ اس کے بچے مر جائیں
ع۔میری جوتی کی نوك	کسی کو حقیر گردانا کہ وہ اسکی جوتی کی نوک بھی نہیں
ع۔ میندری ماں کی میا	سوتیلی ماں کی دکھاوے کی محبت
ع۔ میں میرا بنا سب لوگ منا (منع)	اکیلی گھری عورت جو رشتہ داروں کو پاس پھٹکنے نہ دے اور اپنی ہنڈیا الگ پکائے
م۔ میں جانے کو، اُنے آنے کو ایك ہوا	کسی انسان یا دوست سے بروقت ملاقات ہونا
ق۔ نہ دك نہ دیس	ایسی جگہ جس کے اور چھور کا پتہ نہ ہو
ع۔ ناکر گے جائی تیرے آگے آئی	دوسروں کے لئے کنواں کھودنے والا خود کنویں میں گر پڑتا ہے۔ اے بہن تو دوسروں کا برا مت چاہ ورنہ تیرا ہی بیڑہ غرق ہوگا
م۔ ناچنا نئیں آیا تو انگن بنگا	ناچ نہ جائے آنگن ٹیڑھا
ع۔ نازك ناری نو روتیاں ماری	دیکھنے میں دھان پان مگر بے حد پیٹو عورت۔

م۔ نکٹے کی ناک ہی کتنی نیں	کند چھری کی تشبیہ
ع۔ نوی جھاڑو اچھا جھاڑے	نئی جھاڑو سے کوڑا کرکٹ اچھی طرح صاف ہوتا ہے۔ نئے نوکر یا نوکرانی کی نسبت کہتے ہیں
م۔ نوے میں نو دام پرانے میں پانچ	نئی چیز کی قیمت خاصی ہوتی ہے مگر پرانی ہو جائے تو اس کی قیمت گھٹ جاتی ہے
م۔ نہ دس من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی	ان ہونی بات کے لئے کہا جاتا ہے
م۔ نہ ہانک نہ پکارا	سنسان خاموش جگہ
م۔ نہ باوا پڑے نہ اماں پڑے بیٹے مسجد میں اوندے پڑے	ماں اور باپ نرے جاہل تھے مگر فرزند مسجد میں نیم ملا بن گئے
ق ۔ نہ گھال آج کا کام تو کال پر	آج کے کام کو نہ کل پر ٹال۔ آج کا کام آج ہی کر دینا چاہئے
م۔ نیت میں خطرہ جھولی میں پھترا	بد نیت انسان کا انجام۔ اگر نیت میں فتور ہے تو انجام اچھا نہ ہو گا
ع۔ نئی جوانی جنگل بسے۔	کسی نوجوان کو بد دعا دینا۔ کوسنا
ع۔ نئی جوانی ما نجھاڈھیلا	اس نوجوان کے متعلق کہتے ہیں جو مارا مار سا لگتا ہو اور دم خم نہ ہو۔
م۔ نماز پڑھتیں اللہ کے واسطے بیاز کھاتیں پیت کے واسطے	ایسے ریاکار انسان کی نسبت کہا جاتا ہے جو بظاہر پرہیزگار نظر آئے مگر ساتوں عیب شرعی اس میں موجود ہوں۔
م۔ وھاں کھانا کھا بوریاں پانی پی	فوری طور پر کام کرنا

م۔ ہاتھ پو ہاتھ مارے سریکا	تصدیق کرنا۔ کسی کام کا مکمل طور پر پورا ہونا
ع۔ ہاتھی پھرے گاوں گاوں جس کا ہا تھی اس کا ناوں	اصل شئے مالک کی ہوتی ہے، چاہے اس کے لاکھ دعویدار ہوں۔
ع۔ ہاتھ میں نئی کوڑی، فاطی بزار کو دوڑی	ایسی مفلس وقلاش مگر لاف زن عورت کے لئے کہتے ہیں جو ہزاروں لاکھوں کی بات کرے
ع۔ ہاتھ پھرے لچھمی پھرے، موں پھرے شیطان پھرے	ہاتھ پیر ہلانے سے سلیقہ مندی پیدا ہوتی ہے اور منہ پھیر کر جانا گویا شیطان کی پیروی کرنا ہے
م۔ہاك پکارا نئیں	خاموشی۔ سنسان جگہ۔ کسی انسان کا ڈر کر خاموش رہنا
ق۔ ہَتّی کو چُڑی کی ضمان	ہاتھی کی ضمانت چڑیا دے گی۔ حقیر انسان کا بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا۔
م۔ ہَتّی پو چڑے تو کتّے کا کیا ڈر۔	اعلیٰ عہدے پر پہنچنے کے بعد حاسدوں کی بہتان تراشیوں سے نہیں ڈرنا چاہئے۔
م۔ہرچه آید در گهسیت	جو کچھ حاصل ہوا سے غنیمت سمجھنا چاہئے
ع۔ ہَڑا ہُڑی ہَڈّاں کی کَڑّی	جلدبازی کا انجام
ع۔ ہَلکے کی سَنگ نکّو پاوں میں جُوتی تنگ نکّو گھوڑے پو بیٹھ کو اُنگ نکّو چوری کو جاکو کَھنگ نکّو	کمینے کا ساتھ برا ہے، پاوں میں جوتی تنگ نہ ہو گھوڑے پر بیٹھ کر اونگھنے سے انسان گر پڑتا ہے اور چوری کے وقت کھانسنے سے چور پھنس جاتا ہے۔
م۔ہم پیشه دشمن همیشه	ہم پیشہ ایک دوسرے کے دشمن بنے رہتے ہیں

ع۔ بنڈی لیویں ایک تو دیکھیں گے ٹھوک	ہر چیز کو پرکھ کر خریدنا چاہیے
ع۔ ہنسے تو پھول، نئیں تو مٹی دھول	اس انسان کے متعلق کہتے ہیں جو ہمیشہ بھرا ہوا رہتا ہے اور کبھی کبھار ہی ہنستا ہے
ع۔ بے سو رنگ جاتا نیئں، نیئں سو رنگ آتا نئیں	خدا نے انسان کو جو رنگت بخشی ہے بدل نہیں سکتی۔ نئی رنگت نہیں آسکتی۔ اس لئے اپنی حالت پر خوش رہنا چاہیے۔
م۔ ہیجڑے کے گھر بیٹا	بالکل ناممکن بات کی طرف اشارہ ہے
ق۔ یکس کا منڈاسا یکس کے بات	ایک کی پگڑی دوسرے کے ہاتھوں میں۔ ہاتھا پائی
ق۔ یکس کا منڈا سا یکس کے سر	ایک کی پگڑی دوسرے کے سر۔ فریب دہی
م۔ یدے ودے میں ریل مارچ	ٹال مٹول کرتے رہنے میں وقت نکل جائے گا

کتابیات

نمبر شمار کتاب کا نام مصنف / مولف۔ پتہ

۱ دکن میں اردو :۔ مرتبہ نصیر الدین ہاشمی۔ مکتبہ ابراہیمیہ۔ حیدرآباد

۲ مدراس میں اردو :۔ ــــــــ ایضاً ــــــــــــــــ

۳ تاریخ عادل شاہی :۔ از نور اللہ۔ تصحیح ابو نصر محمد خالدی۔ حیدرآباد

۴ تاریخ دکن :۔ سلسلۂ آصفیہ، جلد ہشتم

۵ دکنی ادب کی تاریخ :۔ مرتبہ ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ

۶ ہندوستانی لسانیات :۔ ــــــــ ایضاً ــــــــ

۷ بساتین السلاطین :۔ مرزا ابراہیم زبیری۔ مصحح سیدی۔ حیدرآباد

۸ واقعات مملکت بیجاپور :۔ بشیر الدین احمد آرہ

۹ قدیم اردو :۔ مرتبہ ڈاکٹر مسعود حسین خان۔ شائع کردہ، شعبۂ اردو عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد

۱۰ اردوئے قدیم :۔ حکیم شمس اللہ قادری۔ نولکشور پریس، لکھنؤ۔

۱۱ مقالات محمود از میر محمود حسین مرحوم۔ میسور

۱۲ اردو کی تین مثنویاں :۔ مرتبہ خان رشید۔ چمن بک ڈپو۔ دہلی

۱۳ آریائی زبانیں :۔ پروفیسر سدیشور۔ یم۔ اے۔ ڈی لٹ۔ ادارۂ ادبیات اردو۔ حیدرآباد۔

۱۴ اردو شہ پارے :۔ ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ

۱۵ ریاست میسور کے فارسی عربی اور اردو کتبوں کا مطالعہ از میر محمود حسین مرحوم

۱۶ سب رس پر ایک نظر :۔ مرتبہ سہیلؔ بخاری۔ آزاد بک ڈپو۔ لاہور

۱۷ اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا حصہ :از مولوی عبدالحق۔ انجمن ترقی اردو۔

۱۸ قواعدِ اردو :۔ از مولوی عبدالحق۔ انجمنِ ترقی اردو۔

۱۹ رسالہ اردو :۔ جنوری ۱۹۲۲ء

۲۰ رسالہ اردو :۔ جولائی ۱۹۲۷ء

۲۱ رسالہ اردو :۔ جولائی ۱۹۳۸ء

۲۲ کربل کتھا :۔ مرتبہ مالک رام و مختار الدین آرزو۔ ادارۂ تحقیقات اردو۔ پٹنہ

۲۳ نصرتی :۔ مرتبہ مولوی عبدالحق۔ انجمن ترقی اردو

۲۴ سب رس :۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایضاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۲۵ کلیات شاہی :۔ مرتبہ سید مبارز الدین رفعت۔ انجمنِ ترقی اردو

۲۶ علی نامہ :۔ مرتبہ پروفیسر عبدالمجید صدیقی۔ سالار جنگ دکنی پبلشنگ کمیٹی۔ حیدر آباد۔

۲۷ ولی گجراتی :۔ مرتبہ سید ظہیر الدین مدنی۔ سلسلہ ''مطبوعاتِ انجمن اسلام'' اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ۔ بمبئی

۲۸ مغز مرغوب و چہار شہادت :۔ مرتبہ محمد ہاشم علی۔ اردو اکاڈیمی، سلطان پورہ۔ حیدر آباد۔

۲۹ گلشن عشق :۔ نصرتی :۔ مرتبہ مولوی عبدالحق۔ انجمن ترقی اردو

۳۰ معراج العاشقین :۔ مرتبہ مولوی عبدالحق۔ تاج پریس۔ حیدر آباد

۳۱ معراج العاشقین :۔ مرتبہ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ ''آزاد کتب گھر'' دہلی

۳۲ معراج العاشقین :۔ مرتبہ ڈاکٹر عتیق انجم۔ مکتبہ شاہراہ۔ اردو بازار۔ دہلی۔

۳۳ قصہ بے نظیر از صنعتی :۔ مرتبہ پروفیسر عبدالقادر سروری۔ مجلس اشاعت دکنی مخطوطات۔ حیدر آباد۔

۳۴ من لگن :۔ مرتبہ سخاوت مرزا۔ انجمنِ ترقی اردو۔ پاکستان

۳۵ پھول بن :۔ شیخ چاند ابنِ حسین۔ انجمنِ ترقی اردو۔ پاکستان

۳۶ پھول بن :۔ مرتبہ پروفیسر عبدالقادر سروری مجلسِ اشاعتِ دکنی مخطوطات ۔

۳۷ کلیات نسیم میسوری :۔ مرتبہ میر محمود حسین مرحوم

۳۸ سیف الملوک وبدیع الجمال :۔ مرتبہ میر سعادت علی رضوی۔ مجلسِ اشاعتِ دکنی مخطوطات۔ حیدر آباد۔

۳۹ طوطی نامہ :۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۴۰ کتاب نورس :۔ مرتبہ ڈاکٹر نذیر احمد۔ دانش محل۔ امین الدولہ پارک۔ لکھنؤ۔

۴۱ پنجاب میں اردو :۔ حافظ محمود خان شیرانی۔ معین الادب۔ لاہور۔

۴۲ کلیاتِ سراج اورنگ آبادی :۔ مجلسِ اشاعتِ دکنی مخطوطات۔ حیدر آباد۔

۴۳ کلیاتِ عبداللہ قطب شاہ :۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۴۴ قطب مشتری :۔ مرتبہ مولوی عبدالحق۔ انجمنِ ترقی اردو

۴۵ کلیاتِ محمد قلی قطب شاہ :۔ مرتبہ ڈاکٹر سیّد محی الدین قادری زورؔ، مجلس اشاعتِ دکنی مخطوطات۔ حیدر آباد۔

۴۶ ریاستِ میسور میں اردو کی نشوونما :۔ ڈاکٹر حبیب النساء بیگم

۴۷ جواہراتِ میسور :۔ ڈاکٹر حبیب النساء بیگم

۴۸ ریاست میسور میں اردو :۔ (جلدِ اوّل) ڈاکٹر آمنہ خاتون

۴۹ تحقیقی نوادر :۔ ۔۔۔۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۵۰ LINGUISTIC SURVY OF INDIA - VOL 9 PART 1
By G.A.GREARSON. CALCUTTA.

۵۱ غواصی کی مثنویوں کا تنقیدی مطالعہ :۔ ڈاکٹر محمد صبغۃ اللہ

۵۲ میناستونتی کا تنقیدی جائزہ :۔ ڈاکٹر محمد صبغۃ اللہ

۵۳ تاریخ ادبِ اردو (حصہ اول) :۔ جمیل جالبی

۵۴ مثنوی کدم راؤ پدم راؤ :۔ مرتبہ جمیل جالبی

۵۵ کلیاتِ محمد قطب شاہ :۔ مرتبہ ڈاکٹر سیدہ جعفر

۵۶ میسوری اردو اور تے :۔ ڈاکٹر فہمیدہ بیگم

DAKHNI LUGHAAT

(CLASSICAL URDU DICTIONARY)

WITH DAKHNI IDIOMS AND PHRASES

EDITED BY

PROF. MOHD. SIBGHATULLA,

PROF. SYED ABU TURAAB KHATAAI ZAMIN

PAGES : 148 + 50 + 2

Year of Publication :- Year 2000-1

PRICE : **Rs. 125/-**

Publisher :-

Malik Publications,

No.50-12, AASHIYANA

4TH MAIN, VASANTHAPPA BLOCK

GANGA NAGAR, BANGALORE - 560 032

DAKHNI LUGHAAT

(CLASSICAL URDU DICTIONARY)

NEW EDITION

EDITED BY

PROF. MOHD. SIBGHATULLA., Ph.D.,

PROF. SYED ABU TURAAB KHATAAI ZAMIN

MALIK PUBLICATIONS

NO. 50-12, AASHIYANA, 4TH MAIN
VASANTHAPPA BLOCK
GANGA NAGAR, BANGALORE - 560 032
KARNATAKA INDIA